سوال

آب زم زم کو چائے یا سالن وغیرہ میں استعمال کرنا

جواب

زم زم کو چائے یا سالن وغیرہ میں استعمال کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا زم زم کو چائے یا کھانا پکانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زم زم دنیا کا سب سے افضل واشرف پانی ہے ،جسے اللہ تعالی نے انسان کی پیاس اور بھوک مٹانے کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ اسے ہر اس جگہ پر استعمال کیا جاسکتا ہے جہاں اس کا تقدس پامال نہ ہو۔ چنانچہ اس سے وضو کیا جاسکتا ہے ،اسے چائے اور کھانا پکانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ یہ بھوکوں کے لئے کھانا اور پیاسوں کے لئے پانی ہے۔ لہذا اگر کھانے کو پکا یا جاسکتا ہے تو زم زم کو بھی پکا یا جاسکتا ہے۔ لیکن غسل جنابت یا استنجاء کرنا ناپسندیدہ عمل ہے ،اور اس کی فضیلت کے خلاف ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث